نیول ہیڈکوارٹر پر خودکش حملہ قومی سلامتی پر کھلا حملہ ہے، الطاف حسین

اسلام کے نام پر قومی سلامتی پر حملے کرنیوالے دہشت گرد دراصل ملک کے کھلے دشمن ہیں جو کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں

اس طرح کے بزدلانہ حملے مسلح افواج کے عزم وحوصلے کو کمزور نہیں کرسکتے اوروہ دہشت گردی کو جڑ سے ختم کر کے دم لیں گی

خودکش حملے میں شہید ہونے والا نیول گارڈ محمد اشرف قوم کا ہیرو ہے جس نے اپنی جان پر کھیل کر نیول ہیڈکوارٹر کو ایک بڑی تباہی سے بچالیا

لندن ۔۔۔2، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں نیول ہیڈکوارٹر کے سامنے خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کو قومی سلامتی پر کھلا حملہ قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے ہماری مسلح افواج اورسیکوریٹی فورسز جس کامیابی سے کارروائی کررہی ہیں اس سے بوکھلا کر ملک دشمن دہشت گردوں نے اب عوام کے ساتھ ساتھ مسلح افواج اورقومی سلامتی کے مراکز کو نشانہ بنانا شروع کردیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جی ایچ کیو کے بعد نیول ہیڈکوارٹر پر ہونے والا آج کا خودکش حملہ دراصل ہماری قومی سلامتی پر حملہ ہے اوراسلام کے نام پر ہماری قومی سلامتی پر حملے کرنیوالے دہشت گرد دراصل ملک کے کھلے دشمن ہیں جو کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے بزدلانہ حملے مسلح افواج کے عزم وحوصلے کو کمزور نہیں کرسکتے اوروہ دہشت گردی کو جڑ سے ختم کر کے دم لیں گی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ خودکش حملے میں شہید ہونے والا نیول گارڈ محمد اشرف قوم کا ہیرو ہے جس نے اپنی جان پر کھیل کر نیول ہیڈکوارٹر کو ایک بڑی تباہی سے بچالیا۔ جناب الطاف حسین نے محمد اشرف شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اشرف شہید کے درجات بلند کرے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

نامور کلاسیکی گلوکار استاد شرافت علی خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔2، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شام چوراسی گھرانے کے نامور کلاسیکی گلوکار استاد شرافت علی خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

پاکستان گردوارہ پربھند کمیٹی کے نائب صدر مہیش سنگھ اورسکھ نوجوان سبھا پاکستان کے چیئرمین سردار رمیش سنگھ کی نائن زیرو پر ملاقات

کراچی ۔۔۔2، دسمبر 2009ء

پاکستان گردوارہ پربھند کمیٹی کے نائب صدر مہیش سنگھ اورسکھ نوجوان سبھا پاکستان کے چیئرمین سردار رمیش سنگھ کی سربراہی میں سکھ برادری کے ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہر لال اور فرحت خان سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے بابا گرونانک صاحب کے 541ویں جنم دن کے موقع پر ننکانہ صاحب میں کرائی گئی خصوصی دعا کا پرساد اورسروپا رابطہ کمیٹی کو پیش کی۔ وفد میں سردار راجہ سنگھ، سردار گوبند سنگھ، وایل داس، بھگوان داس اور دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج تحسین قریشی، اراکین گردھاری لال، پاسٹر جاوید انجم اور گوسوامی وجے مہاراج بھی موجود تھے۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے سکھ برادری کے وفد کا خیر مقدم کیا اورانہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم تمام مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کرتی ہے اور چاہتی کہ انہیں ملک میں مساوی حقوق حاصل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک میں اقلیتوں کے ساتھ ہونیوالی ہرناانصافی پر بابانگ دہل آواز بلند کی ہے اورایم کیوایم جیسی سیاسی جماعت میں ہر مذہب، قومیت اور برادری کے لوگ بڑی تعداد میں شامل ہیں۔ اس موقع پر سکھ برادری کے وفد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر تمام مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان مذہبی آہنگی کو سراہا اور کہا کہ یہ انسانیت کی یکجہتی اور محبت کا کھلا ثبوت ہے۔

☆☆☆☆☆